21895 ـ بیت الخلاء میں وضوء کرتے وقت بسم اللہ پڑھنا

سوال

کیا مسلمان شخص کے لیے قضائے حاجت کے بعد بیت الخلاء میں وضوء کرتے وقت بسم اللہ پڑھنی جائز ہے، یا وہ باہر نکل کر بسم اللہ پڑھے اور پھر اندر داخل ہو کر وضوء کرے، (کیونکہ بسم اللہ کے بغیر وضوء نہیں ہوتا) اور کیا میں دوران غسل اللہ کا نام لے سکتی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی سے اس کے متعلق دریافت کیا گیا تو ان کا جواب تھا:

" اگر انسان غسل خانہ یا بیت الخلاء میں ہو تو وہ دل میں بسم اللہ پڑھے، اور زبان سے حروف کی ادائیگی نہ کرے، اور اگرایسا ہی ہے تو آپ اس پر عمل کریں، کیونکہ راجح قول کے مطابق بسم اللہ واجبات میں نہیں بلکہ مسحبات میں شامل ہوتی ہے، چنانچہ آپ میں وسوسہ اور غفلت نہیں ہونی چاہیے.